ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن محمد عثمان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔25،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 115 کے کارکن محمد عثمان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

کرسچئن برادری کے مذہبی رہنماؤں کے وفد کی رابطہ کمیٹی کے ارکان بابر خان غوری اور شکیل عمر سے ملاقات

کراچی۔۔۔25،نومبر 2007ء

محمود آباد،منظور کالونی،کشمیر کالونی،ڈیفنس ویو،اعظم بستی،اعظم ٹاؤن،اختر کالونی،نرسری اور پی ای سی ایچ بلاک 6 سے تعلق رکھنے والے مسیحی برادری کے رہنماؤں کے 22 رکنی وفد نے پاسٹر عرفان ڈین،البرٹ گیبریل اور پاسٹر الیاس شائق کی سربراہی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین بابر خان غوری اور شکیل عمر سے ملاقات کی اور آئندہ انتخابات میں مسیحی کمیونٹی کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عرفان حامد،اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین فاروق سلیم اور پاسٹر جاوید انجم بھی موجود تھے۔وفد کے ارکان نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست بلدیاتی قیادت کی جانب سے محمود آباد،منظور کالونی،اعظم بستی،ڈیفنس ویو،اختر کالونی اور کشمیر کالونی میں عوامی مسائل کے حل کیلئے ترقیاتی کام کرائے گئے ہیں جنہیں مسیحی برادری قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست بلدیاتی قیادت نے اپنے عمل سے ثابت کردیا ہے کہ وہ عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کے خیالات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں سمیت ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور چاہتی ہے کہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز مسائل حل ہوں۔

الطاف حسین نے اقلیتی برادری میں تحفظ کا احساس پیدا کیا ہے،سلمیٰ آغا

کراچی۔۔۔25،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کمیونی کیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ کی مشیر محترمہ سلمیٰ آغا نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں میں تحفظ کا احساس پیدا کیا ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اختر کالونی میں کرسچئن کمیونٹی کا ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع سے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر اختر کالونی کی مسیحی برادری کے معززین ایلڈر مقبول،جون جوزف،پرویز اسرار،ریاض یونس،چودھری یوسف اور عقیل غلام کے علاوہ مسیحی برادری کے بزرگوں،نوجوانوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ سلمیٰ آغا نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ اور نظریہ ہی ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومظلوم عوام کے حقوق کی ضمانت ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے ایم کیوایم کا بھرپور ساتھ دیں۔قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے سابق رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی نے کہا کہ ایم کیوایم انصاف اور مساوات پر یقین رکھتی ہے اور پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کے لئے بھی برابری کی بنیاد پر جائز حقوق کا حصول چاہتی ہے۔انہوں نے اجتماع میں شریک نوجوانوں،خواتین اور بزرگوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں۔

ایم کیوایم اولڈ لیاری سیکٹر کے رکن کی والدہ محترمہ اور بلدیہ ٹاؤن کے کارکن محمد عثمان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 115 کے کارکن محمد عثمان اور ایم کیوایم اولڈ لیاری سیکٹر یونٹ رانگی واڑہ کی یونٹ کمیٹی کے رکن مظفر کی والدہ محترمہ غلام فاطمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆